**02.08.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین
Music

………………………………

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پی ایم کسان سمّان ندھی، کسانوں کی بہبود کے تئیں سرکار کے عہد کی ایک مثال ہے۔ وزیر اعظم نے آج وارانسی سے 20ہزار 500 کروڑ روپئے مالیت کی سمّان ندھی کی 20ویں قسط جاری کی۔
- ☆ جے ڈی ایس کے سابق ممبر پارلیمنٹ Prajwal Revanna کو بینگلورو کی ایک خصوصی عدالت نے آبرو ریزی کے ایک کیس میں عمر قید کی سزا سنائی ہے۔
- ☆ بھارت کو ایئر بس C-295طرز کے 16فوجی ٹرانسپورٹ طیارے مل گئے ہیں جس سے ملک کی دفاعی صلاحیت میں قابل قدر اضافہ ہوگا۔
- ☆ جموں وکشمیر کے کُلگام ضلع میں ایک تصادم میں تین دہشت گرد مارے گئے ہیں۔
- ☆ بھارتی موسمیات محکمے نے مغربی بنگال، سکم، میگھالیہ اور اروناچل پردیش میں کَل انتہائی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔
- ☆ اور کرکٹ میں، انگلینڈ کے خلاف بھارت کی دوسری اننگز میں یشسوی جیسوال نے سنچری بنائی ہے۔

………………………………

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**PM Modi Varanasi**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پی ایم کسان سمّان ندھی، کسانوں کی بہبود کے تئیں سرکار کے عہد کی ایک مثال ہے۔ آج وارانسی سے کسانوں کیلئے 20ہزار 500 کروڑ روپئے کی کسان سمّان ندھی کی 20ویں قسط جاری کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ سرکار نے گذشتہ دہائی میں کسانوں کے ہرمسئلے کو حل کرنے کیلئے پوری قوت کے ساتھ کام کیا ہے۔ جناب مودی نے اپوزیشن کی منفی سوچ پر اُس کی نکتہ چینی کی۔
وزیر اعظم نے بتایا کہ پی ایم کسان سمّان ندھی کے تحت اب تک تین لاکھ 75ہزار کروڑ روپئے کسانوں کے کھاتوں میں منتقل کئے گئے ہیں۔ اس رقم میں سے 90ہزار کروڑ روپئے اتر پردیش کے ڈھائی کروڑ کسانوں کو اور 900 کروڑ روپئے اکیلے کاشی کے کسانوں کو دیئے گئے ہیں۔

جناب مودی نے کہا کہ کسانوں کیلئے موسم ہمیشہ ایک چیلنج رہا ہے اور اسی لئے پی ایم فصل بیمہ یوجنا کے تحت اب تک کسانوں کے ایک لاکھ 75ہزار کروڑ روپئے کے دعوے نمٹائے گئے ہیں۔

S/B 2100 PM Fasal Bima Yojna

وزیر اعظم نریندر مودی نے اپوزیشن پر نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا کہ یہ نیا بھارت ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ آپریشن سندور کے دوران پوری دنیانے خودکفیل بھارت کی طاقت کودیکھ لیاہے۔ وزیراعظم نے اس بات کواجاگر کیا کہ آنے والے دنوں میں اترپردیش میں بنائے گئے برہموز میزائل اور ہتھیار دشمنوں کو نیست ونابود کردیں گے۔

S/B PM Brahmos

وزیر اعظم نے دو ہزار 200 کروڑ روپئے مالیت کے 52ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔ اِن پروجیکٹوں کا تعلق مختلف شعبوں سے ہے۔ اِن میں وارانسی میں بنیادی ڈھانچہ، تعلیم، حفظانِ صحت، سیاحت، شہری ترقی، ثقافتی وراثت، ثقافتی احیاء، بہتر رابطوں اور معیار زندگی کو بہتر بنانا شامل ہے۔x

## Prajwal Imprisonment

بینگلورو میں ارکانِ پارلیمنٹ اور ارکانِ اسمبلی سے متعلق خصوصی عدالت نے ایک اہم فیصلے میں JDS کے سابق ممبر پارلیمنٹ Prajwal Revanna کو آبرو ریزی کے کیس میں موت ہونے تک عمر قید کی سزا سنائی ہے۔ اِس کیس کا تعلق ایک فحش ویڈیو اور 47سالہ خاتون کی آبرو ریزی کے واقعے سے ہے۔سزا کا اعلان کرتے ہوئے خصوصی عدالت کے جج سنتوش Gajanan Bhat نے مجرم پر دس لاکھ روپئے کا جرمانہ بھی عائد کیا ہے۔ سابق وزیر اعظم اچ ڈی دیوے گوڑا کے پوتے Prajwal Revanna کو بار بار آبرو ریزی کرنے اور اپنی پوزیشن کا بیجا استعمال کرنے کا قصوروار ٹھہرایا گیا تھا۔

عدالت نے متاثرہ خاتون کو 7لاکھ روپئے ادا کئے جانے کا بھی حکم دیا ہے۔ عدالت نے اپنا فیصلہ کل سنایا تھا جبکہ سزا کا اعلان آج کیا گیا ہے۔Prajwal Revanna کو اسی طرح کے تین اور کیسوں کا سامنا ہے۔ اس کیس کا تعلق ایک خاتون کے ساتھ جنسی زیادتی سے ہے جو Revanna خاندان کے زیر ملکیت ایک گیسٹ ہاؤس میں ایک خادمہ کے طور پر کام کرتی تھی۔ اپنے بیان میں مذکورہ خادمہ نے عدالت میں یہ کہا تھا کہ اُس کی دو بار آبرو ریزی کی گئی۔Prajwal Revanna پچھلے سال 31مئی سے جیل میں بند ہے۔ اُس وقت اُسے جرمنی سے واپس آنے پر گرفتار کیا گیا تھا۔ہاسن میں 2024کے لوک سبھا چناؤ سے قبل جنسی زیادتیوں کے اُس کے ویڈیو وائرل ہونے کے بعد وہ فرار ہوگیا تھا۔x

## EC SIR Bihar

انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ بہار میں ووٹر فہرستوں کا مسودہ شائع ہونے کے پہلے 24 گھنٹوں کے دوران کسی بھی سیاسی پارٹی نے ایک بھی دعویٰ یا اعتراض داخل نہیں کیا ہے۔ ایک بیان میں کمیشن نے کہا ہے کہ اہل رائے دہندگان کے نام شامل کرنے اور نا اہل رائے دہندگان کے نام ہٹائے جانے کے تعلق سے کسی بھی سیاسی

پارٹی نے کوئی دعویٰ یا اعتراض داخل نہیں کیا ہے۔ انتخابی کمیشن نے خصوصی تفصیلی نظرثانی مہم کے تحت ذاتی معلومات داخل کرنے کا مرحلہ مکمل ہونے کے بعد کل بہار کیلئے ووٹر فہرستوں کا مسودہ جاری کیا تھا۔ کمیشن نے کہا ہے کہ عوام کے پاس اپنے دعوے اور اعتراضات داخل کرنے کیلئے ایک مہینے کا وقت ہے۔ساتھ ہی کمیشن نے یہ یقین بھی دلایا ہے کہ وجہ بتائے بغیر ووٹر فہرست کے مسودے سے کوئی بھی نام نہیں ہٹایا جائے گا۔پوری ریاست میں 38 ضلع چناؤ افسروں نے سبھی 243اسمبلی حلقوں اور 90ہزار 712پولنگ مراکز کا احاطہ کرتے ہوئے فہرست کا مسودہ سبھی سیاسی پارٹیوں کو دستیاب کرایا تھا۔x

## Rev. India Airbus C-295

بھارت کو سولہ Airbus C-295فوجی ٹرانسپورٹ طیارے موصول ہو ئے، جو اُس کی دفاعی صلاحیتوں میں ایک اہم اضافہ ہے۔ آج اسپین کے شہر Seville میں بھارتی سفیر دنیش کے پٹنائک اور بھارتی فضائیہ کے اعلیٰ عہدیداران کی موجودگی میں یہ طیارے بھارت کے حوالے کئے گئے۔ یہ طیارے مقررہ وقت سے دو ماہ پہلے ہی بھارت کو سونپ دیئے گئے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ ........

VC News-Desk

پچھلے برس 28اکتوبر کو بھارت کے آتم نربھر مشن میں ایک اہم سنگ میل حاصل کیا گیا تھا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اسپین کے وزیر اعظم Pedro Sanchez کے ہمراہ گجرات کے وڈوڈرہ میں ایئر بس C-295 طیاروں کو Assemble کرنے کا افتتاح کیا تھا۔ TATA ایئر بس کی یہ فیکٹری بھارتی فضائیہ کیلئے C-295طرز کے طیارے کی مینوفیکچرنگ کرے گی۔ 21ہزار 935 کروڑ روپے مالیت کے اِس معاہدے سے پرانے Avro بیڑے کی جگہ چھپن، C-295طیارے فضائیہ کے بیڑے میں شامل کیے جائیں گے۔ 16طیارے اسپین سے موصول ہوئے ہیں، جبکہ 40طیارے بھارت میں ہی تیار کیے جائیں گے۔ ملک میں ہی تیار کردہ پہلا طیارہ، 2026 تک بھارتی فضائیہ کیلئے تیار ہوگا، جبکہ 2031 تک سبھی 40طیارے فراہم کیے جائیں گے۔ Airbus طیاروں کی مینوفیکچرنگ کا اسپین سے باہر یہ اب تک کا پہلا مرکز ہے۔ C-295اہم کارروائی، بار برداری اور طبی انخلا کیلئے گونا گوں صلاحیت کا حامل طیارہ ہے۔بھارت جلد ہی C-295 کو آپریٹ کرنے والا سب سے بڑا ملک ہوگا۔ اِس طرح اُس کی فوجی صلاحیتوں میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ یہ بھارت کیلئے ایک فخر کا لمحہ ہے اور دفاع کے شعبے میں خود کفالت کی سمت ایک اور قدم ہے۔

نیوز ڈیسک سے اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

## J&K Encounter

جموں و کشمیر میں جنوبی کشمیر کے کُلگام ضلع کے Akhal Devsar علاقے میں کل شام سے جاری انسدادِ دہشت گردی کی کارروائی میں 3دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا ہے۔ پولیس حکام نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کو

بلاک کرنے کی یہ کارروائی، کل شام سے جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب تک اِس جھڑپ میں تین نامعلوم دہشت گرد مارے گئے ہیں۔ دونوں طرف سے گولی باری جاری ہے۔ پورے علاقے کا محاصرہ کرلیا گیا ہے اور اندر جانے اور باہر نکلنے کے تمام راستوں کو بند کردیا گیا ہے تا کہ محاصرے والے علاقے سے کوئی بھی دہشت گرد فرار نہ ہو پائے۔ x

## Bihar Shivraj Farmers Interest

زراعت کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ کم قیمت کی برآمدات کے ذریعے امریکہ جیسے ملکوں کی زرعی اشیا کیلئے بھارتی زرعی مارکیٹ کے دروازے کھولنے کی کوشش کی گئی تھی لیکن اِسے ناکام بنا دیا گیا۔ جناب چوہان نے یہ کہتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی کے تئیں تشکر کا اظہار کیا کہ قومی مفادات کو ترجیح دیتے ہوئے کسانوں کے مفاد کا تحفظ کیا گیا ہے۔

S/B Shivraj Singh Chauhan

جناب شیو راج سنگھ چوہان آج شام پٹنہ میں کسانوں کے ساتھ گفتگو کے ایک پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔x

## Nadda Organ Donation Day

صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا نے آج کہا کہ ملک نے پچھلے برس تقریباً 18 ہزار 900اعضاء کی پیوند کاری کرکے ایک اہم سنگ میل حاصل کیا ہے۔ ایک سال میں یہ اعضاء کی سب سے زیادہ پیوند کاری ہے۔ نئی دلّی میں 15ویں اعضاء عطیہ کرنے کے دن کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ 2023میں 3لاکھ سے زیادہ شہریوں نے National Organ and Tissue Transplant آرگنائزیشن NOTTO کے ذریعے اعضاء عطیہ کرنے کا عہد کیا۔ وزیر موصوف نے اجاگر کیا کہ اعضاء کی پیوند کاری کرنے میں عالمی سطح پر بھارت کا تیسرا مقام ہے۔ انہوں نے کہا کہ اعضاء عطیہ کرنا، انسانیت کے سب سے زیادہ نیک کاموں میں سے ایک ہے۔ جناب نڈا نے کہا کہ اعضاء عطیہ کرنے والا ہر شخص ایک ہیرو کی مانند ہے، جس کا بے لوث عمل، زندگی میں دُکھ کو امید میں بدل دیتا ہے۔

S/B: Nadda- 25 Sec

## Matri Van

ماحولیات، جنگلات اور آب وہوا کی تبدیلی محکمے کے وزیر بھوپیندر یادو اور ہاؤسنگ اور شہری امور کے وزیر منوہر لال نے آج گروگرام میں Matri Van پہل کے آغاز کی صدارت کی، جو اراولی Hill علاقے میں ساڑھے 700ایکڑ سے زیادہ میں مخصوص موضوع پر مبنی شہری جنگلاتی علاقہ ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے کہا کہ Matri Van Green Cover پورے دلّی– قومی راجدھانی خطے کیلئے کھلی ہوا میں

سانس لینے کے مترادف ہوگا۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ اِس پروجیکٹ سے نوجوانوں اور بزرگ شہریوں سمیت لوگوں کو صحتمند اور تناؤ کے بغیر زندگی گزارنے کا ایک سازگار ماحول فراہم ہوگا۔

S/B Bhupender Yadav

Matri Van پہل کا نظریہ ایک منفرد ماحولیاتی اور ثقافتی مقام کے طور پر تیار کیا گیا ہے جو حیاتیاتی تنوع، عوام کی فلاح وبہبود اور شہری علاقے میں پائیدار نظام میں اہم رول ادا کرے گا۔x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آسام، میگھالیہ، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی خطے، سکّم، اروناچل پردیش اور بہار میں آج الگ الگ مقامات پر شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، چھتیس گڑھ، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، اترپردیش اور اتراکھنڈ کے علاوہ شمال مشرقی ریاستوں میں اگلے دو سے تین روز کے دوران شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ x

## Cricket

لندن کے Oval میدان پر اینڈرسن–تینڈولکر ٹرافی کے پانچویں اور آخری ٹیسٹ کے آج تیسرے دن بھارت نے میزبان انگلینڈ کے خلاف اپنی دوسری اننگز میں اب سے کچھ دیر پہلے تک 7وکٹ پر 342رن بنالئے تھے۔یشسوی جیسوال نے شاندار 118رن بنائے جبکہ آکاش دیپ نے 66رن اسکور کئے۔

اس سے قبل بھارت نے آج اپنی دوسری اننگز میں کَل کے اسکور دو وکٹ پر 75رن سے آگے کھیلنا شروع کیا۔پہلی اننگز میں بھارت کے 224رن کے جواب میں انگلینڈ کی پوری ٹیم 247رن بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔x

## Table Tennis

ٹیبل ٹینس میں برازیل کے شہر Foz do Iguacu میں جاری WTT Star Contender 2025میں بھارت نے تاریخ ساز کارنامہ انجام دیاہے۔ بھارت کی دو ڈبلز ٹیمیں، فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ اس ٹورنامنٹ میں بھارت نے پہلی مرتبہ یہ سنگ میل حاصل کیا ہے۔ مکسڈ ڈبلز میں اعلیٰ درجے کے کھلاڑی Manush Shah اور Diya Chitale کی جوڑی، سیمی فائنل مقابلے میں Nicolas Burgos اور Paulina Vega پر مشتمل Chile کی جوڑی کو تین–صفر سے شکست دے کر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ فائنل میں اب ان کا مقابلہ Satoshi Aida اور Honoka Hashimoto پر مشتمل جاپان کی جوڑی سے ہوگا۔مردوں کے ڈبلز میں Manav Thakkar اور Manush Shah پر مشتمل بھارت کی اعلیٰ درجے کی جوڑی بھی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ اِس جوڑی نے دلچسپ سیمی فائنل مقابلے میں Huang Yan-Cheng اور Kuo Guan-Hong پر مشتمل چینی تائپئی کی جوڑی کو پانچ–گیارہ، گیارہ–نو، گیارہ–چھ، آٹھ–گیارہ، گیار–پانچ سے شکست دی۔ x

☆☆☆☆☆☆